**08/03/2025**

**07.40 PM**

**آداب**

**یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔**

**اب آپ شیخ تجمل احمد سے خبریں سُنئے**

**پہلے اہم خبروں کی سُرخیوں پر ایک نظر۔**

**ہیڈ لائینز**

***.......خواتین کے عالمی دن کے سلسلے میں تقریبات کا انعقاد// خواتین کو ہر سطح پربا اختیار بنانے کا دوہرایا گیا عزم۔**

***.......لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا نے سماج مینمثبت بدلاؤ لانے میں خواتین کے رول کو کیا اجا گر۔**

***.......حکومت سرحدی علاقوں سے تعلق رکھنے والے نوجوانوں کی ہنر مندی میں اضافہ کرکے انہیں با اختیار بنانے کی وعدہ بند// وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ**

**اور**

***....... گلمر گ میں کل سے شروع ہونے والے کھیلو انڈیا سرمائی کھیلوں کے سلسلے میں انتظامات مکمل۔**

**عالمی دن صدر**

**آج خواتین کا بین الاقوامی دن منایا جا رہا ہے۔ اس دن زندگی کے مختلف شعبوں میں خواتین کے بے مثال رول کو اُجاگر کرنے کے ساتھ ساتھ اُن کے حقوق کو تحفظ دینے سے متعلق جامع بیداری پیدا کی جا تی ہے۔ اس دن کی مناسبت سے پورے ملک میں تقاریب کا اہتمام ہوا، جن میں خواتین کے منفرد رول پر تفصیل سے روشنی ڈالی گئی۔**

**خواتین کے بین الاقوامی دن کے سلسلے میں نئی دلی میں "ناری شکتی سے وِکست بھارت" موضوع کے تحت منعقدہ تقریب سے خطاب کر تے ہوئے صدر جمہوریہ دروپدی مرمو نے کہا کہ خواتین بھارت کو ترقی یا فتہ بنانے میں ایک اہم رول ادا کر رہی ہے۔ انہوں نے سماج میں خواتین کے لئے ایک ساز گار ماحول قائم کرنے کی ضرورت پر بھی زور دیا۔**

**وزیر اعظم**

وزیر اعظم نریندر مو دی نے کہا ہے کہ ان کی حکومت خواتین کو با اختیار بنانے کےلئے پُر عزم ہے اور انکے معیار زندگی میں بہتری لانے کےلئے متعدد اقدامات کئے جا رہے ہیں۔ نوساری گجرات میں آج خواتین کے بین الاقوامی دن کے سلسلے میں منعقدہ " لکھپتی دیدی سممیلن" سے خطاب کر تے ہوئے وزیر اعظم نے کہا کہ حکومت ہر ایک سطح پر خواتین کے وقار کو برقرار رکھنے اور انکے حقوق کے تحفظ کو یقینی بنانے کی طرف خصوصی توجہ دے رہی ہے۔

## تقریبات

جمونو کشمیر کے دیگر علاقوں میں بھی خواتین بین الاقوامی دن کے سلسلے میں تقاریب کا انعقاد کیا گیا ، جن میں ایک طرف خواتین کے حقوق کو اُجاگر کیا گیا اور دوسری طرف اُن خواتین کی عزت افزائی کی گئی، جنہوں نے مختلف شعبوں اور سیکٹروں میں کارہائے نمایاں انجام دیکر نہ صرف اپنا بلکہ قوم کا نام روشن کیا ہے۔

## ایل جی

ادھر لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا نے بنی نو ع انسان کے مستقبل کو سنوارنے میں ناری شکتی کی اہمیت کو اجاگر کیا ہے۔ جموں میں خواتین کے بین الاقوامی دن کے موقعے پر بدھا آرٹ اینڈ پینٹنگ کی طرف سے منعقدہ ایک تقریب سے خطاب کر تے ہوئے ایل جی نے کہا کہ خواتین نے ایک ایسے تحفے سے سرفراز کیا ہے جس کی بدولت وہ تخلیقیت کو فروغ دیتے ہوئے سماج میں مثبت تبدیلی لاسکتی ہیں۔

## عمر خواتین

دریں اثناءوزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے خواتین کے عالمی دن کے موقعے پر کہا ہے کہ ہر ایک خاتون با اختیار بنانا اور انکے خوابوں کو شرمندہ تعبیر کرانے کےلئے حکومت پُر عزم ہے۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں وزیر اعلیٰ نے کہا کہ کل پیش کئے گئے بجٹ میں خواتین موافق اقدامات کی عکاسی کر تی ہے ، جن میں مریج اسسٹنٹس کو 75ہزار روپے کرنا اور سرکاری ٹرانسپورٹ میں خواتین کےلئے مفت سفری سہولیات دستیاب کرانا شامل ہے۔

## سکینہ

سماجی بہبود اور تعلیم کی وزیر سکینہ ایتونے آج کنوینشن سینٹر جموں میں خواتین کے عالمی دن کے سلسلے مینمنعقدہ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہاکہ آج کل کی خواتین زندگی کے ہر ایک شعبے میں آگے بڑھ رہی ہیں۔ انہوں نے خواتین کے مسائل کو حل کرنے کیلئے ایک منظم لائحہ عمل اختیار کرنے کی ضرورت پر زور دیا۔

## این سی

یوم خواتین کی مناسبت سے آج نیشنل کانفرنس پارٹی ہیڈ کواٹر پر خواتین وِنگ کی صدر شمیمہ فردوس کی صدارت میں ایک اجلاس منعقد ہوا۔ اس موقعے پر انہوننے کہاکہ پارٹی خواتین کو سماج میں ایک اعلیٰ مقام دلانے کےلئے وعدہ بند ہے۔ انہوں نے کہاکہ کل پیش کئے گئے بجٹ میں و زیر اعلیٰ نے کئی خواتین دوست اقدامات کا اعلان کیا۔

جموںBJP

مہیلا مورچہ کی طرف سے آج تریکوٹہ نگر جمونمیں خواتین کے بین الاقوامی دن کے BJP جموں کشمیرکے صدر ست شر ما اور سابق BJPموقعے پر ایک تقریب کا انعقاد کیا گیا۔تقریب میں وزیر پریا سیٹھی موجود تھیں۔انہوں نے کہا کہ مرکز ی سرکار کی فلاحی اسکیموں سے ملک بھر میں خواتین با اختیا رہو رہی ہیں۔

پنچایت راج

دیہی ترقی اور پنچایتی راج محکمہ جموں و کشمیر میں20پنچایتوں کو خواتین اور لڑکیوں کے موافق مثالی گرام پنچایتوں کے طور پر ترقی دینے کے منصوبے پر کام کررہی ہے ،تاکہ حکمرانی کے عمل میں خواتین کی شراکت داری کو بڑھاوا دیا جا سکے۔

رپورٹ

خواتین کے عالمی دن کے موقعے پر پیش ہے آکاشوانی نیوز سرینگر کے سربراہ طارق راتھر کی یہ خاص رپورٹ

وزیر اعلیٰ اسمبلی

جموں میں قانون ساز اسمبلی کا اجلاس خوش اسلوبی سے جاری ہے۔ آج بھی کئی ارکان اسمبلی نے عوامی نوعیت کے معاملات کو اُجاگر کیا جن کا متعلقہ وزیروں نے موثر جواب دیا۔

وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے کہا ہے کہ حکومت کرناہ، کیرن، مژھل اور گریز جیسے سرحدی علاقونسے تعلق رکھنے والے نوجوانوں کو ہنر مند بنا کر انہیں با اختیار بنانے کی وعدہ بند ہے۔ کرناہ جا وید احمد مرچال کے ضمنی سوال کا جواب دیتے ہوئے MLA آج قانون ساز اسمبلی میں انہوں نے کہا کہ سرحدی علاقوں کے سیاحتی منظر نامے کو فروغ دینے کےلئے بھی اقدامات

کئے جائیں گے۔ وزیر اعلیٰ نے کہا کہ انہوں نے کل بجٹ تقریر میں بھی کہا کہ حکومت نوجوانوں کو ہنر مندی سے لیس کرنے کےلئے معقول رقومات صرف کئے جائیں گے تاکہ انہیں کار خانہ داری کی طرف بھی راغب کیا جا سکے۔وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے راجیو کمار بھگت کے ضمنی سوال کا جواب دیتے ہوئے کہا کہ ارنیہ اور بشناہ کی جاذبیت کا کام ضلع کیپکس کاموں کے تحت ہا تھ میں لیا جائے گا جبکہ صفائی ستھرائی کا کام متعلقہ میونسپلٹیوں کی طرف سے عملایا جا رہا ہے۔

بریک

یہ خبریں آپ آکاشوانی سرینگر سے سُن رہے ہیں۔

پر بھی سماعت کر سکتے ہیں-DTH اور AIR خبریںآپ آکاشوانی کے موبائیل اپلیکشن نیوز آن

لوک عدالت

جمونو کشمیر میں آج 2025کی پہلی لوک عدالت منعقد ہوئی ۔ جموں وکشمیر اور لداخ ہائی کورٹ کے چیف جسٹس ، جسٹس تاشی ربستان کی قیادت مینمنعقدہ اس لوک عدالت کے دوران کل 1لاکھ 88ہزار422معاملات افہام و تفہیم کے ذریعے حل کئے گئے۔

وقفہ سوالات

نائب وزیر اعلیٰ سریندر چودھری نے آج سیف الدین بٹ کے سوال کا جواب دیتے ہوئے کہا کہ غیر قانونی طور معدنیات نکالنے کے خلاف کاروائی کر تے ہوئے ضلع منرل آفیسر بڈگام نے ایک نجی کمپنی کے خلاف کاروائی عمل میں لائی ہے۔

سماجی بہبود کی وزیر سکینہ ایتو نے ایوان میں وزیر اعلیٰ کے بدلے عبدالمجید لارمی کے سوال کا جواب دیتے ہوئے کہا کہ اچھہ بل کو تحصیل کا درجہ دینے کا کوئی بھی منصوبہ نہیں ہے۔

دیہی ترقی کے وزیر جا وید احمد ڈار نے ایم وائی تاریگامی کے سوال کے جواب میں کہا کہ جمونو کشمیر میں498 مستحقین کو مکانات تعمیر کرنے کےلئے پانچ پانچ مرلہ زمین الاٹ کی گئی ہے جبکہ اسطرح کے442معاملات ریونیو حکام کے زیر غور ہیں۔

اس موقعے پر جی اے میر ، شکتی راج پریہار، بلونت سنگھ منکوٹیہ، راجیو جسروٹیہ ، چودھری محمد اکرم اور معراج ملک نے ضمنات اُبھارے۔

صحت کی و زیر سکینہ ایتو نے وزیر اعلیٰ کے بدلے وحید الرحمان پرہ کے سوال کا جواب دیتے ہوئے کہا کہ جموںو کشمیر میں 9 ٹاون شپس قائم کرنے کےلئے 1ہزار2سو98کنال اراضی کی نشاندہی کی گئی ہے۔

وزیر موصوفہ نے جاوید اقبال چودھری کے سوال کا جواب دیتے ہوئے ایوان کو جانکاری دی کہ عوام کی سہولت کے لئے ضلع اسپتال راجوری کو مناسب جگہ پر منتقل کیا جائے گا۔

اس موقعے پر انجینئر خورشید احمد، اروند گپتا، ڈاکٹر شفیع احمد وانی، پون کمار گپتا، اعجاز جان، افتخار احمد، مظفر اقبال خان اور شبیر احمد کلے نے ضمنی سوال پوچھے۔

سکینہ ایتو نے شوکت حسن گنائی کے سوال کے جواب میں ایوان کو جانکاری دی کہ حکومت جموںو کشمیر میں طبی نگہداشت کے شعبے کو فروغ دینے کےلئے کام کر رہی ہے۔

اسمبلی بحث

دریں اثناءآج قانون ساز اسمبلی میں کل وزیر اعلیٰ کی طرف سے کل پیش کئے گئے بجٹ پر بحث ہوئی۔ متعدد ارکان نے بحث میں حصہ لیتے ہوئے بجٹ پر اپنے اپنے خیالات کا اظہار کیا۔ جن ارکان نے بحث میں حصہ لیا، اُن میں جا وید حسین بیگ، طارق حمید قرہ، ارجن سنگھ راجو، تنویر صادق، سنیل بھاردواج، نذیر گریزی، بلونت سنگھ منکوٹیہ اور فاروق شاہ شامل ہیں۔

منشیات

نشہ مکت بھارت ابھیان کے تحت سماج کو منشیات کی لعنت سے چھٹکارا دلانے کیلئے ملک بھر میں ہر سطح پر کوششیں جاری ہیں۔ وزیر اعظم نریندر مودی کا پیغام۔

جموں کشمیر میں بھی نوجوانوں کو اس لت سے دور رکھنے کیلئے کئی اقدامات کئے جا رہے ہیں۔ اس تعلق سے جب ہم گورنمنٹ ڈگری کالج بڈگام میں تعینات پروفیسر شمس النساءکے ساتھ بات کی تو انہوں نے کہا

گرفتاری

پولیس نے منشیا ت کے خلاف جنگ جاری رکھتے ہوئے بارہمولہ اور بڈگام سے چار ڈرگ اسمگلروں کو گرفتار کیا ہے ان کے قبضے سے کچھ نشیلی اشیاءبھی بر آمد کی گئی ہے۔

رمضان

رمضان المبارک کے پہلے عشرے کا آج ساتواں روزہ ہے ۔فضیلتوں اور برکتوں سے پُر یہ مہینہ ہمیں تقویٰ، پرہیز گاری اور پاکیزگی حاصل کرنے کے ساتھ ساتھ اللہ کی خوشنودی حاصل کرنے کا بھی بہترین موقع فراہم کر تا ہے

روزوں میں افطار ایک اہم اور نیک عمل مانا جاتا ہے۔ افطار کی اہمیت اور فضیلت کے بارے میں جب ہم نے عالم دین مولوی میر غلام محی الدین قادری سے بات کی تو انہوںنے کہا ۔

گلمرگ کھیل

شہرہ آفاق سیاحتی مقام گلمر گ میں کل سے منعقد ہونے والے کھیلو انڈیا سرمائی کھیل مقابلوں کے دوسرے مرحلے کےلئے تمام تیاریاں مکمل کی گئی ہیں۔ تفصیلات کے مطابق ان کھیل مقابلوں میں ملک کی مختلف ریاستوں سے تعلق رکھنے والے8سو سے زائد ایتھلیٹ حصہ لے رہے ہیں۔ اس بارے میں گلمرگ ڈیولپمنٹ اتھارٹی کے چیف ایگزیکٹیو آفیسر طارق حسین نائیک نے آکاشوانی نیوز سرینگر کے ساتھ بات کر تے ہوئے کہا۔

پرواز

یکم اپریل سے ہر روز صبح دس بجے جموں سے سرینگر کےلئے ہوائی پرواز چلا کرے گی۔ سائنس اور ٹیکنالوجی کے مرکزی وزیر ڈاکٹر جتیندر سنگھ نے ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں کہا ہے کہ انہوں نے یہ معاملہ شہری ہوا بازی کے ساتھ اٹھایا ہے اور متعلقہ حکام نے یکم اپریل سے یہ پروازیں شروع کرنے سے اتفاق کیاہے۔

میرا تھن

جموں وکشمیر پولیس کی طرف سے 16مارچ کو جموں  میرا تھن2025کا اہتمام کیا جا رہا ہے۔ اس سلسلے میں انتظامات کو حتمی شکل دی جا رہی ہے۔ مختلف زمروں کے تحت منعقد ہونے والے اس میرا تھن کےلئے جموں شہر میں رجسٹریشن کے 6کونٹر جبکہ سرینگر میں اسطرح کے2کونٹر قائم کئے گئے ہیں۔

جے پی نڈا

صحت کے مرکزی وزیر جے پی نڈا نے کہا ہے کہ حکومت اگلے پانچ برسوں کے دوران میڈیکل تعلیم میں75ہزار نئی سیٹوں کا اضافہ کرنے کامنصوبہ رکھتی ہے۔ وہ آج بھارت منڈپم نئی میں صحت سے متعلق ایک بین الاقوامی سمپوزیم کی افتتاحی تقریب سے خطاب کر رہے تھے۔

کورٹ

جموں وکشمیر اور لداخ ہائی کورٹ کے چیف جسٹس، جسٹس تاشی ربستان کی سربراہی میں آج جے اینڈ کے جوڈیشل اکیڈیمی مومن آباد سرینگر میں ڈجیٹائزیشن سے متعلق ایک روزہ ریفریشر کا انعقاد کیا گیا۔

DIG

سینٹرل کشمیر رینج راجیو پانڈے کی صدارت میں آج چھتہ بل میں نئے فوجداری قوانین سے DIG متعلق ایک بیداری پروگرام کا انعقاد کیا گیا۔

موسم

محکمہ موسمیات کی پیش گوئی کے مطابق جمونکشمیرمیں اگلے24گھنٹوں کے دوران موسم عام طور پر خشک رہنے کا امکان ہے۔

سرینگرمیں آج دن کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت16اعشاریہ4ڈگری سیلسیس جبکہ کل رات کا کم سے کم درجہ حرارت صفراعشاریہ8ڈگری سیلسیس ریکارڈ کیا گیا۔

جمونمیں آج دن کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت 25اعشاریہ7ڈگری سیلسیس جبکہ کل رات کا کم سے کم درجہ حرارت9اعشاریہ7ڈگری سیلسیس تھا۔

سرینگر میں کل اختتام سحری صبح5بجکر27منٹ پر جبکہ افطاری کا وقت شام6بجکر36منٹ پر ہو گا۔

اسکے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلٹن ختم ہوا۔

خبروں کا اگلا بلٹن آکاشوانی سے

کل صبح7بجکر45 منٹ پر کشمیری میں نشر ہو گا۔

ہمیں دیجئے اجازت//خدا حافظ